# جواہر لال نہرو کی اردو دوستی

محمد رفیع انصاری

- ہر سوال کے چار جوابات دئے گئے ہیں۔
- صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

1. افسانوی انداز میں لکھی جانے والی تحریر کہلاتی ہے۔
(الف) افسانہ (ب) کہانی (ج) مضمون (د) ڈرامہ

2. محمد رفیع انصاری کا یہ مضمون کس کی یاد دلاتا ہے۔
(الف) نہرو کی اردو دوستی (ب) پنڈت جواہر لال نہرو
(ج) پہلے وزیرِ اعظم (د) سیاست نہرو کی

3. محمد رفیع انصاری پیدائش مقام
(الف) بھیونڈی (ب) مہاراشٹرا (ج) لکھنؤ (د) کرناٹک

4. محمد رفیع انصاری کے اردو مزاحیہ مضمون
(الف) خمیازہ (ب) زمین کے تارے (ج) جگ جگ جیو (د) ہجو

5. پنڈت جواہر لال نہرو کے والد کا نام ہے۔
(الف) گاندھی جی (ب) موتی لال نہرو (ج) فیروز گاندھی (د) اندر

6. نہرو جی کی والدہ، اہلیہ، دادی اور نانی کی مادری زبان تھی۔
(الف) فارسی (ب) ہندی (ج) اردو (د) عربی

7. نہرو کی بیٹی اندرا ان سے ہمیشہ خط میں فرمائش کیا کرتی تھی۔
(الف) اردو کی کہانی (ب) اردو اشعار (ج) اردو قصہ (د) اردو غزل

8. نہرو اپنی بیٹی کو خط لکھا کرتے تھے۔

Scanned with CamScanner

(الف) احمد نگر جیل (ب) بہار جیل (ج) تھار جیل (د) پنجاب جیل

9. ..........کے اشعار قدرے مشکل ہوتے ہیں۔

(الف) میر (ب) غالب (ج) اقبال (د) طباطبائی

10. اردو کے مشہور محقق قاضی عبدالودود نرسنگ ہوم میں زیر علاج تھے۔

(الف) سوئزرلینڈ (ب) امریکہ (ج) انگلستان (د) ہندوستان

11. کسی زمانے میں نہرو جی کے سکریٹری تھے۔

(الف) قاضی عبداولود (ب) غالب (ج) طباطبائی (د) فراق گورکھپوری

12. رگھوپتی سہائے فراق گورکھپوری الہٰ آباد یونیورسٹی میں استاد تھے۔

(الف) اردو (ب) انگریزی (ج) ہندی (د) فارسی

13. ایک واقعہ ڈاکٹر محمد حسن نے اپنے مضمون میں تحریر کیا ہے۔

(الف) نہرو اور میں (ب) نہرو اور تم (ج) نہرو اور وہ (د) نہرو اور یہ

14. جواہر لال نہرو نے تپاک سے خیر مقدم کیا۔

(الف) غالب (ب) اقبال (ج) رگھوپتی (د) فراق

15. پنڈت نہرو لال لفظ کو الف سے نہیں بلکہ..........لکھتے تھے۔

(الف) ی (ب) ے (ج) الف (د) ع

16. نہرو جی نے جمال عبدالناصر سے کہا کہ ان کے نام تینوں الفاظ جواہر، لعل اور نہرو عربی یا فارسی سے آئے ہیں۔تو جمال عبدالناصر نے کہا کہ یہ الفاظ۔

(الف) خالص اردو (ب) خالص فارسی (ج) خالص ہندی (د) خالص اردو

17. اردو بھلا کسی کی مادری زبان ہو سکتی ہے۔کہنے والا

(الف) پنڈت نہرو (ب) سیٹھ گووند اس (ج) جمال عبدالناصر (د) رگھوپتی سہائے

18. اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے کہنے والا۔

Scanned with CamScanner

(الف) پنڈت نہرو (ب) جمال عبدالناصر (ج) سیٹھ گووند اس (د) فراق

19. انجمن ترقی اردو ہند کی کل ہند اور اردو کانفرنس کے افتتاح اجلاس۔

(الف) فروری 1957 (ب) مارچ 1958 (ج) فروری 1958 (د) مارچ 1948ء

20. میں شیخ محمد عبداللہ اور بخشی غلام محمد نے ذاتی دلچسپی نے ایک مشاعرہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔

(الف) سری نگر (ب) کشمیر (ج) لکھنؤ (د) دہلی

21. اس مشاعرے کی صدارت اور نظامت دونوں کے فرائض انجام دئے تھے۔

(الف) جگن ناتھ آزاد (ب) نہرو جی (ج) محمد عبداللہ (د) غلام محمد

22. جشن جمہوریہ کا مشاعرہ پنڈت نہرو کی صدارت میں منعقد کیا گیا تھا۔

(الف) لال قلعہ (ب) دہلی

(ج) انڈیا گیٹ (د) گیٹ آف انڈیا

23. جشن جمہوریہ کے مواقع پر ''ماتم آزادی'' سنائی گئی تھی وہ نظم تھی۔

(الف) غالب (ب) کنور مہندر سنگھ

(ج) جوش ملیح آبادی۔ (د) محمد عبداللہ

24. جناب صدر پنڈت نہرو بڑے شوق سے نظم سن رہے تھے اور ناظم جلسہ کی حالت دیدنی تھی۔

(الف) بیدی سحر (ب) جوش

(ج) کنور لال (د) بخشی غلام محمد

25. مشاعرہ جب ختم ہوا تو کنور صاحب نے دوستانہ شکایت کرتے ہوئے ازراہ امزاح ان سے کہا۔

(الف) نہرو جی (ب) بیدی سحر (ج) جوش ملیح آبادی (د) بخشی غلام محمد

26. دوسرے دن نہرو جی کی طرف سے جوش صاحب کو اور کنور صاحب کے نام

(الف) خط آیا (ب) فرمائش آئی۔ (ج) التجا آئی۔ (د) پیغام آیا

Scanned with CamScanner

27. ''یہ نقشہ دیکھنے کے بعد میری حیرت کی انتہا نہ رہی'' یہ جملہ کہنے والے

(الف) نہرو جی (ب) جوش صاحب (ج) کنور صاحب (د) اراکین

28. لعل لفظ کے معنی

(الف) قیمتی پتھر (ب) لال قیمتی (ج) سرخ رنگ (د) لال پتھر

29. ''اراکین'' الفاظ کا معنی ان میں سے نہیں ہے۔

(الف) رکن کی جمع (ب) ممبر (ج) اُمراء (د) اجازت

30. ''براہ راست'' مرکب لفظ کا معنی

(الف) سیدھا (ب) الٹا (ج) آگے (د) پیچھے

جوابات:۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ج | 7 | ب | 13 | الف | 19 | ج | 25 | ج |
| 2 | الف | 8 | الف | 14 | ج | 20 | الف | 26 | ب |
| 3 | الف | 9 | ب | 15 | د | 21 | ب | 27 | ج |
| 4 | الف | 10 | الف | 16 | الف | 22 | الف | 28 | الف |
| 5 | ب | 11 | د | 17 | ب | 23 | ج | 29 | د |
| 6 | ج | 12 | ب | 18 | الف | 24 | الف | 30 | الف |

**II: (الف) ایک جملے میں لکھیے۔**

**1:۔ پنڈت جواہر لال نہرو کو کس زبان سے دلی لگاؤ تھا؟**

ج:۔ پنڈت جواہر لال نہرو کو اُردو زبان سے دلی لگاؤ تھا۔

**2:۔ احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی؟**

**ج:۔ احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے مولانا ابوالکلام آزاد کی مدد سے اُردو سیکھی۔**

3:۔ پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا املا کس طرح لکھا کرتے تھے؟
ج:۔ پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا املا "الف" سے نہیں بلکہ "ع" سے لکھا کرتے تھے۔
4:۔ رگھوپتی سہائے فراق کونسا مضمون پڑھایا کرتے تھے؟
ج:۔ رگھوپتی سہائے فراق انگریزی مضمون پڑھایا کرتے تھے۔
5:۔ نہرو نے کانگریس لیڈر سیٹھ گووندان کے سوال کا کیا جواب دیا؟
ج:۔ نہرو نے کانگریس لیڈر سیٹھ گووند اس کے سوال کا جواب یہ دیا کہ "اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے"۔
6:۔ لال قلع کے مشاعرے میں میں سنائی گئی جوش کی نظم کوعنوان کیا تھا؟
ج:۔ لال قلع کے مشاعرے میں میں سنائی گئی جوش کی نظم کوعنوان "ماتم آزادی" تھا۔
7:۔ مشاعرے میں نظم سنانے کے بعد کنور سنگھ نے جوش سے کیا کہا؟
ج:۔ مشاعرے میں نظم سنانے کے بعد کنور سنگھ نے جوش سے یہ کہا کہ "آپ کو تو کوئی کچھ نہ کہے گا لیکن اب میری چھٹی ہو جائے گی"۔
8:۔ ہندوستان کے اردو دوست پہلے وزیر اعظم کون تھے؟
ج:۔ ہندوستان کے اردو دوست پہلے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو تھے۔

(ب) دو تین جملوں میں جواب لکھئے۔

9:۔ نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا؟
ج:۔ نہرو نے اندرا کی فرمائش کا جواب اسطرح سے دیا کہ "تم نے ہر خط میں مجھے اردو کا شعر لکھنے کو کہا تھا لیکن میں نے اس پر عمل نہیں کیا کہ اردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں۔ وہ ان میں کچھ خفیہ معنی پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ غالب کے اشعار قدرے مشکل ہوتے ہیں۔ ان کے مقابلے میں اردو کی ہلکی پھلکی شاعری زیادہ مفید رہے گی"۔
10:۔ قاضی عبدالوادود نے کملا نہرو کے اردو سے شغف کے بارے میں کیا کہا؟

ج:۔قاضی عبدالودود نے کملا نہرو کے اردو سے شغف کے بارے میں یہ کہا کہ کملا نہرو اردو جانتی تھی اور برآمدے میں آرام کرسی پر دراز اردو کی کتابیں پڑھا کرتی تھیں۔

**11:۔ فراقؔ کی زبانی جیل یاترا کے دوران شاعر کا حال سن کر نہرو نے کیا جواب دیا؟**

ج:۔فراق کی زبانی جیل یاترا کے دوران شاعری کا حال سن کر نہرو نے یہ جواب دیا کہ ''اس بار جیل گیا تو تم رگھوپتی سہائے سے آر۔سہائے فراقؔ ہوگئے، اگلی بار جیل گیا تو تم فقط ''ہائے فراق'' رہ جاؤ گے''۔

**12:۔ نہرو اور جوشؔ کی دوستی کس قسم کی تھی؟**

ج:۔جوش ملیح آبادی اور نہرو کی دوستی بڑی گہری تھی۔جوش صاحب جب بھی چاہیے انہیں پنڈت جی کے ساتھ ملاقات کے لئے وقت مل جاتا تھا۔اور ان دونوں میں نوک جھونک بھی چلتیں اور ہنسی ٹھٹھا بھی ہوتے تھے۔

**13:۔ پنڈت نہرو نے جوشؔ اور مہندر سنگھ کو تری مورتی ہاؤس آنے کی دعوت کیوں دی؟**

ج:۔کیونکہ پنڈت نہرو کے علاوہ اندرا جی اور نہرو خاندان کے بعض اراکین اور عزیز و اقارب یہ سب اصحاب جو کل کے مشاعرے میں نہیں تھے نظم سننے کے آرزومند تھے اس لئے نہرو نے جوش اور مہندر سنگھ کو تری مورتی ہاؤس آنے کی دعوت دی تھی۔

**(ج) تفصیلی جواب لکھیے۔**

**14:۔ جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھیے؟**

ج:۔پنڈت جواہر لال نہرو کو اردو سے دلی لگاؤ تھا۔ان کے والد موتی لال نہرو اردو و فارسی سے بہت اچھی واقفیت رکھتے تھے اور نہرو جی کی والدہ، اہلیہ، دادی اور نانی کی مادری زبان تھی جبکہ خود نہرو جی نے احمد نگر کی اسیری کے دوران مولانا آزاد سے اردو کا درس لیا تھا۔پنڈت نہرو ''لال'' کو ''الف'' سے نہیں بلکہ ''ع'' سے لکھتے تھے پنڈت جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کا یہ ناقابل فراموش واقعہ بھی ہماری نئی نسل تک پہنچنا ضروری ہے۔''جمہوریہ ہند کی آئین ساز اسمبلی میں زبان کے سوال پر بحث چل رہی

تھی۔ سوال یہ تھا کہ کن زبانوں کو آٹھویں جدول میں رکھ کر قومی زبان کا درجہ دیا جائے۔ پنڈت نہرو نے جن زبانوں کی فہرست پیش کی ان میں اردو بھی تھی اس پر جبل پور کے ایک کانگریسی لیڈر سیٹھ گووند داس نے چلا کر پوچھا " اردو بھلا کس کی مادری زبان ہو سکتی ہے "۔ پنڈت نہرو نے اسی جھلاہٹ کے لہجے میں چیخ کر جواب دیا ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے''۔ اردو کے فروغ کے لئے ہمیشہ انہوں نے مخلصانہ کوشش کیں۔ فروری 1958ء کو انجمن ترقی اردو ہند کے کل ہند اردو کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا تھا۔ ''مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں''، جشن جمہوریہ کا مشاعرہ پنڈت نہرو کی صدارت لال قلعہ میں منعقد تھا۔ نہرو اردو کے شاعروں اور ادیبوں کی بہت عزت کیا کرتے تھے۔ اردو دوست ہندوستان کے اولین وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو جن کا جواب ملنا بہت مشکل ہے۔

**15. جوشؔ کی نظم ''ماتم آزادی'' میں کس پر چوٹیں کی گئی ہیں؟**

ج: ہندوستان کے مشہور و معرف شاعر جوش ملیح آبادی نے اپنی نظم "ماتم آزادی" میں براہ راست ہندوستان کے سیاستدان، قانون دان، سرکاری افسران، محکمہ سی۔آئی ڈی، کپتان یہاں تک کہ انہوں نے داروغہ اور کوتوالوں بھی نہیں بخشا، انہوں نے ہندوستان میں مختلف لسانی علاقوں اور لسانی زبانوں پر اٹھنے والے تنازعوں پر بھی تنز کیا ہے۔ مگر جوشؔ کی اس بے باکی اور نڈر پن قابلِ ستائش ہے کہ اس وقت کے وزیر اعظم کے سامنے انہوں نے ہندوستان کی اصلی حقیقت کو پیش کیا۔

## III: (الف) متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے۔

**16. ''اردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں''۔**

تشریح: یہ جملہ نصابی کتاب میں شامل جواہر لال نہرو کی اردو دوستی سبق سے لیا گیا ہے، اس جملے کو نہرو جی نے اپنی بیٹی اندرا گاندھی کو اس وقت لکھا جب انہوں نے خط میں اردو اشعار لکھ بھیجنے کی فرمائش کی تھی۔

Scanned with CamScanner

17. ’’اگلی بار جیل گیا تو تم فقط ’’ہائے فراق‘‘ رہ جاؤ گے‘‘۔

تشریح: یہ جملہ جواہر لال نہرو کی اردو دوستی سبق سے لیا گیا ہے۔ اس جملہ کو نہرو جی نے فراق گھور کھپوری سے اس وقت کہا جب انہوں نے اپنا نام رگھوپتی سہائے سے بدل کر رگھوپتی سہائے فراق رکھ لیا تھا۔

18. ’’اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے‘‘

تشریح: یہ جملہ جواہر لال نہرو کی اردو دوستی سبق سے لیا گیا ہے۔ یہ جملہ پنڈت جواہر لال نہرو نے اردو کو قومی زبان کا درجہ دینے کی سفارش کی تو تب کانگریسی لیڈر سیٹھ گووند داس نے نہرو جی سے چلا کر پوچھا "زردو بھلا کس کی مادری زبان ہو سکتی ہے"۔

19. ’’اردو بھالا کس کی مداری زبان ہو سکتی ہے‘‘

تشریح: یہ جملہ جواہر لال نہرو کی اردو دوستی سبق سے لیا گیا ہے۔ اس جملہ کو کانگریسی لیڈر رگھو وند داس نے نہرو جی سے اس وقت کہا تھا کہ جب نہرو اردو زبان کو قومی زبان کا درجہ دئے جانے کی سفارش کی تھی۔

20. ’’جوش صاحب! آپ کو تو کوئی کچھ نہیں کہے گا لیکن اب میری چھٹی ہو جائگی‘‘

تشریح: یہ جملہ جواہر لال نہرو کی اردو دوستی سبق سے لیا گیا ہے۔ اس جملہ کو ناظم جلسہ بیدی سحر نے جوش صاحب سے اس وقت کہا کہ جب انہوں نے "ماتم آزادی" نظم سنائی جس میں ہندوستان کی اصلی تصویر کو پیش کیا تھا۔ یعنی براہ راست سیاست دانوں پر حملہ کیا گیا تھا۔

(ب) جمع اور واحد کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ پر نشان لگائے۔

21. واقعات برسات حالات
22. الفاظ اعمال احسان

23. محافل محافظ ممالک
24. فرائض حقائق جائز

25. خطوط جنون فنون
26. جواہر طاہر جزائر

(ج) ذیل کے جملوں کے خط کشیدہ الفاظ کی ہدایات کے مطابق تبدیل کیجیے۔

27. غالب کے اشعار قدرے آسان [illegible]۔ (ضد)

Scanned with CamScanner

غالبؔ کے اشعار قدرے **مشکل** ہوتے ہیں۔

28. ہم کو **جنت** کی حقیقت معلوم ہے۔ (جنس) مونث

ہم کو **فردوس** کی حقیقت معلوم ہے۔

29. اردو ایک **جاندار** زبان ہے۔ (مترادف)

اردو ایک **مقبول** زبان ہے۔

30. میرے نام کے تینوں **الفاظ** جواہر لعل اور نہرو عربی یا فارسی سے آئے ہیں۔ (واحد)

میرے نام کے تینوں **لفظ** جواہر لعل اور نہرو عربی یا فارسی سے آئے ہیں۔

31. نہرو فرقہ پرستوں اور متعصبوں کو **ترکی بہ ترکی** جواب دیتے رہے۔

نہرو فرقہ پرستوں اور متعصبوں کو **سخت** جواب دیتے رہے۔

قواعد

Scanned with CamScanner